www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2008**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*0049464970*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جواب **اردو** میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

SP (SM/TL) T53879/2
© UCLES 2008

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

www.PapaCambridge.com

## Section 1

## پہلا حصّہ

**1** Muntakhab Ghazlein

### ۱۔ منتخب غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

بسکہ دشوار ہے، ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسّر نہیں، انساں ہونا

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا

وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

کی مرے قتل کے بعد، اُس نے جفا سے توبہ
ہائے! اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حیف! اس چار گرہ کپڑے کی قسمت، غالبؔ!
جس کی قسمت میں ہو، عاشق کا گریباں ہونا

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) کیا مندرجہ بالا غزل غالبؔ کے مخصوص اندازِ بیان کی ترجمانی کرتی ہے؟

یا

(ب) ''آتشؔ کے اشعار تکلّف اور بناوٹ سے پاک ہیں''۔ اشعار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ [25]

**2** Muntakhab Nazmein

www.PapaCambridge.com

## منتخب نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

دبے گی کب تلک آوازِ آدم ہم بھی دیکھیں گے
رُکیں گے کب تلک جذباتِ برہم ہم بھی دیکھیں گے

چلو یونہی سہی، یہ جورِ پیہم، ہم بھی دیکھیں گے

درِ زنداں سے دیکھیں یا عروجِ دار سے دیکھیں
تمھیں رُسوا سرِ بازار عالم، ہم بھی دیکھیں گے

ذرا دم لو، مآلِ شوکت جم، ہم بھی دیکھیں گے

بہ زعمِ قوتِ فولاد و آہن دیکھ لو تم بھی !
بہ فیضِ جذبۂ ایمانِ محکم، ہم بھی دیکھیں گے

جبینِ کج کلاہی خاک پر خم، ہم بھی دیکھیں گے

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) آپ کے خیال میں یہ نظم ظلم کے خلاف صبر اور جدوجہد کا پیغام بھی دیتی ہے یا صرف ظالم کے خلاف نفرت اور انتقام کے جذبات بھڑکاتی ہے۔ اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) ''نظم گو شعرا میں اقبالؔ کو ایک ممتاز مقام حاصل ہے'' اشعار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

**3** Urdu Ké Tera Afsané

## اردو کے تیرہ افسانے

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف) ''کبریٰ جوان تھی۔کون کہتا تھا کہ جوان تھی۔وہ تو جیسے بسم اللہ کے دن سے ہی اپنی جوانی کی آمد کی سناؤنی سن کر ٹھٹھک کر رہ گئی تھی۔نہ جانے کیسی جوانی آئی تھی کہ نہ اس کی آنکھوں میں کرنیں ناچیں، نہ اس کے رخساروں پر زلفیں پریشان ہوئیں، نہ اس کے سینے میں طوفان اٹھے اور نہ کبھی ساون بھادوں کی گھٹاؤں سے مچل مچل کر پریتم یا ساجن مانگے۔وہ جھکی جھکی، سہمی سہمی جوانی جو نہ جانے کب دبے پاؤں اس پر رینگ آئی ویسے ہی چپ چاپ نہ جانے کدھر چل دی۔ میٹھا برس نمکین ہوا اور پھر کڑوا ہو گیا''۔

**(i)** اس عبارت کی روشنی میں کبریٰ کے کردار کے بارے میں ہمیں کیا پتا چلتا ہے؟

**(ii)** ''میٹھا برس نمکین ہوا اور پھر کڑوا ہو گیا'' سے کیا مراد ہے؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) نصاب میں شامل افسانوں میں سے کس افسانے نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔وجوہات دے کر اپنے جواب کی وضاحت کریں۔

[25]

www.PapaCambridge.com

## Section 2

## دوسرا حصّہ

**4** Umrao Jan Ada, Mirza Hadi Ruswa

### ۴۔امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) ''امراؤ جان ادا میں رسوا نے اپنے سماج کی تہذیب کو نہایت خوبصورت انداز میں پیش کیا ہے۔'' بحث کیجیے۔

یا

(ب) ''امراؤ جان ادا'' پڑھنے والا اس ماحول میں محو ہو کر رہ جاتا ہے۔ آپ کے خیال میں مصنّف نے یہ اثر کیسے پیدا کیا ہے؟

[25]

**5** Aangan, Khadijah Mastoor

### ۵۔آنگن، خدیجہ مستور

(الف) بڑے چچا کے کردار کے مثبت اور منفی پہلوؤں پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) '' ناول آنگن میں خدیجہ مستور کا فن انتہائی بلندیوں پر نظر آتا ہے''۔ بحث کیجیے۔ [25]

**6** Anar Kali, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) '' ڈرامہ انارکلی میں محبت اور رقابت کی کشمکش نمایاں نظر آتی ہے۔'' کرداروں اور واقعات کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) '' پورا ڈرامہ دلآرام کے انتقام اور اس کے نتائج پر مبنی ہے''۔ بحث کیجیے۔ [25]

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

*Copyright Acknowledgements:*

Questions 1–3 © Salim Akhtar; *Naya Urdu Nisaab*; Sang-e-Meel; 2003.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.